# قومی معیارات برائے اسکول سربراہان

# خیبر پختونخوا (پاکستان)

نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد

# پیش لفظ

ابتدائی وثانوی تعلیم حکومت خیبر پختون خوا نے اسکول میں تعلیم و تعلم کو بہتر بنانے کے لئے پر عزم ہے۔ قومی و بین الاقوامی طور پر سامنے آنے والے رجحانات کی روشنی میں محکمے نے صوبے میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے بہت سی اصلاحات کی ہیں اور اس حوالے سے کئی مثبت اقدامات اٹھائے ہیں۔

پاکستان میں قومی نصاب ۲۰۲۰ء کے متعارف ہونے اور اختیارات کی صوبوں کو منتقلی کے بعد، تعلیمی نگرانی میں اسکول کی سطح پر مشکلات اور تعلیمی کارکردگی میں رکاوٹ بننے والے اختیارات کی نشان دہی کے لیے متعلقین کی ایک کانفرنس منعقد کی گئی۔ اس امر کی ضرورت محسوس کی گئی کہ نگران عملے کو اسکول کی سطح پر بہتر کارکردگی کے لیے کچھ رہ نما اصول فراہم کیے جائیں۔ اس مقصد کے لیے فکری تحرک کی ورکشاپوں کا ایک سلسلہ منعقد کیا گیا، جس میں نصاب، جائزے اور برٹش کونسل کے ممتاز ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ ان ماہرین نے نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختون خوا، ایبٹ آباد کی نگرانی میں برٹش کونسل پاکستان کی تکنیکی معاونت سے "معیارات برائے اسکول سربراہان" مرتب کیے ہیں۔ یقیناً یہ معیارات اسکول سربراہان (پرائمری، مڈل اور ثانوی) کو اداروں کی موئثر تعلیمی خدمات کی فراہمی کے لیے اہداف حاصل کرنے والی مؤثر ہدایات فراہم کریں گے جو پاکستانی معاشرے، بالخصوص خیبر پختون خوا، میں موئثر قیادت اور مہارت فراہم کرنے کے لیے اسکول انتظامیہ کی تعلیمی کارکردگی اور نظم و نسق کو مزید مضبوط کریں گے۔ یہ معیارات ہمارے تعلیمی سربراہان کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر عصری تعلیمی رجحانات کے پیشِ نظر بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے اپنے تعلیمی ادارے کی تعلیمی اور انتظامی مسائل کو دور کرنے کے لیے ایک عملی مؤثر لائحہ عمل فراہم کریں گے۔

میں نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ کے عملے، اسکول سربراہان، ڈی ای اوز، محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کے افسران اور برٹش کونسل پاکستان کی پُر خلوص کاوشوں کا اعتراف کرنا چاہوں گا، جن کی لگن، مہارت اور شبانہ روز محنت نے اس مسودے کی تیاری اور اسے معیاری بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان معیارات کے حوالے سے ان کی انتھک محنت، عزم اور معروضی حالات سے مطابقت کا خیال واقعی قابلِ تعریف ہے۔ ہماری ٹیم کا باہمی تعاون اور برٹش کونسل پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنا قابل ستائش ہے۔

میں برٹش کونسل پاکستان اور اس کے قومی اور بین الاقوامی کنسلٹنٹس کا خیبر پختون خوا کے اسکول سربراہان کے لیے "معیارات برائے اسکول سربراہان" کی تخلیق اور اسے حتمی شکل دینے میں تکنیکی معاونت فراہم کرنے پر گراں قدر تعاون کا بہت شکر گزار ہوں۔ ان کی مہارت، بصیرت اور رہ نمائی اس بات کو یقینی بنانے میں فائدہ مند رہی کہ یہ معیارات نہ صرف جامع ہیں بل کہ مقامی ثقافت سے ہم آہنگ ہیں۔ یہ باہمی تعاون اسکول کی سطح پر ہماری تعلیمی کارکردگی اور نظم و نسق کو نمایاں طور پر تقویت بخشے گا اور تعلیمی منظرنامے کو وسعت دے کر اس شعبے میں اعلیٰ

قیادت کی راہ ہموار کرے گا۔

ہم مستقبل میں صوبہ خیبر پختون خوا میں ان "معیارات برائے اسکول سربراہان" کو نافذ کرنے کے امکان کے بارے میں پر جوش ہیں۔ ہمارا ہدف اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ خیبر پختون خواہ کے ہر اسکول سربراہ کو ان معیارات سے مستفید ہونے کا موقع ملے تاکہ ان کی قائدانہ صلاحیتوں میں نکھار پیدا ہو اور اس دستاویز میں بیان کردہ قیادت کے تمام معیارات ان کی شخصیت پر اثر انداز ہو کر تدریس اور سیکھنے کی مہارت کو بہتر بنائے۔

خیبر پختون خوا میں تعلیمی قیادت میں عمدگی کو فروغ دینے کی طرف ایک اہم قدم اٹھایا گیا ہے۔ ان معیارات کو متعارف کروا کے ہم تعلیمی نگرانی میں انقلابی تبدیلی لانے کے لیے پر عزم ہیں اور خیبر پختون خوا کے طلبہ کے روشن مستقبل کے لیے خواہش مند ہیں۔

**گوہر علی خان**

ڈائریکٹر

نصاب و تعلیمِ اساتذہ

خیبر پختون خوا، ایبٹ آباد

# قومی معیارات برائے اسکول سربراہان، خیبر پختونخوا (پاکستان)

# National Standards for School Heads, Khyber Pakhtunkhwa (Pakistan)

جولائی 2023

## ا۔ اسکول کی سربراہی کا بنیادی مقصد

تعلیمی اداروں کے سربراہان وہ تعلیمی پیشہ ور افراد ہوتے ہیں جو اپنے فکر و عمل کے ذریعے تعلیم و تدریس کے عمل کی رہ نمائی کرتے رہتے ہیں۔ وہ اپنی قائدانہ صلاحیتوں اور کردار کے ذریعے تمام طلبہ، عملے اور معاشرے کے دیگر افراد کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ اساتذہ، معاون عملے اور طلبہ کے لیے سیکھنے کے عمل کو بہتر بنائیں اور بہترین نتائج حاصل کیے جاسکیں۔ وہ پیچیدہ اور مسلسل تبدیل ہوتے ہوئے حالات میں اپنے اسکولوں کی رہ نمائی اور ان کا نظم و نسق جاری رکھتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ ان کی شخصیت کو پر اثر ہونا چاہیے اس لیے وہ اپنے فرائض کی انجام دہی کے ذریعے اپنے اسکولوں کو مسلسل بہتر بنانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔

اسکول کے سربراہان بہترین تعلیمی نتائج کے حصول اور طلبہ کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے دوسروں کی اہلیت / صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہیں، لوگوں سے تعاون کرتے ہیں اور مختلف قسم کے لوگوں کے ساتھ شراکت داری میں کام کرتے ہیں۔ وہ اپنی مؤثر قیادت کے ذریعے پیشہ ورانہ تعلقات قائم کرتے اور انھیں برقرار رکھتے ہیں تاکہ ایسے جدید حل تلاش کیے جاسکیں جو تمام لوگوں کے لیے مثبت نتائج کے حصول میں معاون ثابت ہوں۔

## ۲۔ معیارات

اسکول کے سربراہان کے لیے قومی معیارات ایک حوالہ دستاویز اور حکمت عملی ہے جو اسکول کے سربراہوں کی پیشہ ورانہ ترقی کی ضروریات کی نشان دہی کرنے کے لیے منصوبہ بندی، نگرانی، تشخیص اور جائزہ لینے کے عوامل میں مددگار ثابت ہوگی تاکہ وہ نہ صرف سرکاری ضروریات پوری کر سکیں بلکہ اپنے فرائض منصبی سے بھی عہدہ برا ہو سکیں۔

اسکول کے سربراہان کے مجموعی کردار کا احاطہ کرنے کے لیے پانچ معیارات مقرر کیے گئے ہیں اور ہر شعبہ کامیابی کے ساتھ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے درکار علم، سمجھ اور مہارتوں کی تفصیلات فراہم کرتا ہے۔

## ۳۔ معیارات کا فریم ورک اور ساخت

فریم ورک کا ڈھانچہ درج ذیل معیارات پر مشتمل ہوگا۔

- اسکول کو مستقبل میں ترقی کی راہ پر گامزن کرنا
- تدریس و تعلیم کے عمل کی رہ نمائی اور انتظام کرنا (تعلیمی قیادت)
- عملے کی تدریسی، تنظیمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرانے کے لیے رہ نمائی کرنا
- ادارے کی ترقی کے لیے بہترین انتظام و انصرام کرنا
- اسکول کی ترقی کے لیے کمیونٹی کو ساتھ لے کر آگے بڑھنا۔

ہر معیار درج ذیل اجزاء پر مشتمل ہو گا:

الف)علم و فہم

ب)مہارتیں

ج)علم اور مہارتوں کو جانچنے کا عملی مظاہرہ

## ۴۔ درجہ بندی

### الف)معیارات میں درجہ بندی کا منطقی استدلال

یہ تین درجات اسکول سربراہان کو قیادت میں وہ ترتیب وار پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے رہ نمائی کرتے ہیں جو ان معیارات میں پائی جاتی ہے–درجہ دوم، درجہ اوّل کی بنیاد پر بنتا ہے اور درجہ سوم، درجہ اوّل اور دوم دونوں کی بنیاد پر تشکیل پاتا ہے۔ اسکول کے سربراہان ان درجات کو استعمال کرکے اپنے علم اور مہارت کو پرکھتے ہوئے سوچتے ہیں کہ وہ اگلے درجے تک ترقی کیسے کرسکتے ہیں(مثال کے طور پر پیشہ ورانہ تربیت و ترقی کے ذریعے)۔از خود جائزہ(Self Review)اور ہم مرتبہ جائزہ(Peer Review)کے استعمال سے اسکولوں کے سربراہان اپنے موجودہ درجے کی نشان دہی کرسکتے ہیں، اپنے علم اور تربیت کے شعبوں کے بارے بہتر طور پر آگاہ ہوسکتے ہیں اور اس کے مطابق اپنی پیشہ ورانہ تربیت کی منصوبہ بندی کرسکتے ہیں۔

اس بات کا قوی امکان ہے کہ اسکول کے سربراہان بہت متنوع پس منظر(Diversified Profile)کے حامل ہوں۔ مثال کے طور پر یہ ہو سکتا ہے کہ وہ معیارات کے کچھ شعبوں

میں تو ماہر ہوں مگر کچھ دوسرے شعبوں میں کم تجربہ کار ہوں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کسی شعبے میں انھیں بالکل کوئی تجربہ ہی نہ ہو۔ کسی اسکول کے سربراہ کے لیے تمام پانچ معیارات اور ان کے تمام درجات میں مہارت رکھنا ایک غیر معمولی صلاحیت ہو گی۔

## ب) ہر درجے کی وضاحت

**درجہ اول: بنیادی علم و مہارت (Developing)**

اسکول کے سربراہ کے پاس ہر معیار کے کلیدی کارکردگی کے شعبوں میں بنیادی معلومات، سمجھ اور مہارت موجود ہے۔

**درجہ دوم: ماہر (Proficient)**

اسکول کا سربراہ قومی اور صوبائی تناظر اور ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے علم، فہم اور مہارت کے طریقوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔

**درجہ سوم: اعلیٰ درجے کے ماہر (Advanced)**

اسکول کا سربراہ بین الاقوامی تناظر اور شواہد کو مد نظر رکھتے ہوئے علم، سمجھ اور مہارت کے طریقوں کا مظاہرہ اور استعمال کرتا ہے۔

## معیارات

### ا۔ مستقبل میں اسکول کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا (استدلال)

اسکول کا سربراہ متعین اہداف کے حصول کے لیے ہر ممکن دستیاب وسائل کا استعمال کرتے ہوئے اسکول کے لیے مشترکہ لائحہ عمل کی تیاری اور اس کے حصول پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ اسکول کا سربراہ تعلیم و تدریس کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے اپنی ٹیم کے ساتھ مستقبل کے منصوبوں کا اشتراک کرتا ہے اور ٹیم کے ممبران کی بنیادی صلاحیتوں کے مطابق انھیں کردار تفویض کرتا ہے۔ اسکول کا سربراہ، موافقت اور کھلے ذہن کے ساتھ اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ مستقبل کے منصوبوں پر عمل درآمد ان کی حقیقی روح کے ساتھ باہمی تعاون کے ماحول میں کیا جائے۔ اسکول کا سربراہ یہ یقینی بنانے کی کوشش کرتا ہے کہ مساوات کو یقینی بنایا جائے، شمولیت کو فروغ دیا جائے، موسمیاتی، ہنگامی صورتحال سے نمٹا جائے اور موجود معلومات کا بہترین استعمال کیا جائے۔ اسکول کا سربراہ یہ بھی کوشش کرتا ہے کہ سماجی و جذباتی تعلیم کے حصول کو یقینی بنایا جائے تاکہ مہذب اور ذمے دار شہری تیار ہو سکیں ۔

| معیار نمبر ا | علم اور فہم | مہارتیں | مظاہرہ | درجہ اول: بنیادی علم و مہارت | درجہ دوم: ماہر | درجہ سوم: اعلیٰ درجے کے ماہر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مستقبل میں اسکول کو ترقی کی راہ پر گامزن | حالیہ تعلیمی تحقیق کے حاصلاتِ تعلم تحقیق و تعلیم کی روشنی میں جانتا ہے | تحقیق پر مبنی علم کا تجزیہ اور استعمال کرتا ہے | اسکول کے پورے نظام میں مسلسل بہتری کے لیے ایک فریم ورک تیار کرے | تعلیمی تحقیق تک رسائی اور دریافت کرنے کا طریقہ سمجھتا ہے۔ | قومی تعلیمی تحقیق کے نتائج کو اسکول کی منصوبہ بندی میں شامل کرتا ہے۔ | بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ شواہد کی بنیاد پر اخذ کردہ تحقیقی نتائج کا تجزیہ کرتا اور جائزہ لیتا ہے۔ |
| | مروجہ عالمی ابھرتے ہوئے رجحانات | ان سیاسی، سماجی اور اقتصادی اقدار کے بارے میں بصیرت | تعلیم و تدریس کے عمل اور طلبہ کے حاصلات تعلم پر غور و خوض | تعلیم و تدریس کے عالمی ابھرتے ہوئے رجحانات سے آگاہ ہوتا ہے۔ | تمام طلبہ کے سیکھنے کے نتائج کو بہتر بنانے کے ابھرتے ہوئے عالمی | تعلیم و تدریس کے عمل میں ابھرتے ہوئے عالمی رجحانات کا اثر و رسوخ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کرنا | | رکھتا ہے جو معاشرے پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ ایسی تبدیلی کی حمایت جو تمام طلبہ کی بہتری میں معاون ہو اور روشن مستقبل کے حصول کے لیے سماجی ضروریات کو قبول کرے۔ | کرے۔ تعلیم کے ابھرتے ہوئے رجحانات مثلاً آن لائن تعلیم، کمپیوٹر، STEAMاور STEMپر مبنی پراجیکٹس | | رجحانات کا اطلاق کرتا ہے۔ | بڑھانے میں اپنا کردار ادا کرتا ہے۔ |
| | صوبائی، قومی اور بین الاقوامی تعلیمی پالیسیاں | اسکول کی پالیسیوں کا نفاذ اور ان کے اثرات کا جائزہ لینا جانتا ہے۔ | تمام طلبہ کی کامیابی کے کلچر کو فروغ دیتا ہے۔ جو تمام اسٹیک ہولڈرز کے اشتراک کردہ ایک متاثر کن مقصد اور مشن کو بات چیت اور عمل میں لا کر شمولیت اور تنوع کو تسلیم کرے۔ اسکول کی کامیابیوں اور تمام طلبہ پر لاگو اسکول کی پالیسیوں کے اثرات کا جائزہ لیتا ہے۔ | اسکول کے ماحول میں صوبائی قومی اور بین الاقوامی تعلیمی پالیسیوں کو نافذ کرنے کا طریقہ جانتا ہے | اسکول پر مبنی لائحہ عمل اور اسکول کی پالیسی کے ساتھ تعلیمی پالیسیوں کو ہم آہنگ کرتا ہے | عالمی سطح کے تعلیمی اہداف کی روشنی میں تعلیمی پالیسیوں کا جائزہ لیتا ہے تاکہ اسکول میں زیادہ سے زیادہ بہتری کو یقینی بنایا جا سکے |
| | اسکول کے لیے وژن کی تیاری اور نفاذ | دوسروں کے ساتھ مل | باہم گفت و شنید اور | تمام اسٹیک ہولڈرز کے | لائحہ عمل کے نفاذ کے | مسلسل ترقی کو یقینی بنا کر |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | کے اصول | کر کام کرتا ہے (ٹیم بلڈنگ) تاکہ ایک ایسا وژن تیار اور حاصل کیا جاسکے جو تنوع کے احترام اور تمام طلبہ کے لیے فطری وقار کو فروغ دے۔ ٹیم کے ساتھ بات چیت اور مستقبل کے منصوبوں کی تکمیل کرتا ہے۔ | تمام متعلقہ لوگوں کی جانب سے تیار کردہ لائحہ عمل پر عمل درامد کے ذریعے تمام طلبہ کے لیے کامیابی کی ایک جامع ماحول کو فروغ دیتا ہے۔ | ساتھ مل کر لائحہ عمل تیار کرتا ہے اور اس کے متعلق گفت وشنید کرتا ہے | لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطے سمیت تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتا ہے | سٹریٹیجک وژن کے مطابق اسکول کلچر اور نتائج میں زیادہ سے زیادہ بہتری لاتا ہے۔ |
| | پائیداری اور پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) | مشاورت کے ذریعے منطقی فیصلے کرتا ہے تا کہ ایک پائیدار معاشرے کی طرف لے جائیں۔ | پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) پر مشتمل ایکشن پلان تیار کرتا ہے جیسے: شجر کاری، ذاتی حفظانِ صحت اور صنفی مساوات وغیرہ پر عمل کرتا ہے۔ | اسکول ایکشن فریم ورک میں SDGs کی اہمیت کو سمجھتا ہے اور اسکول میں اس کے متعلق شعور پیدا کرتا ہے۔ | اسکول کی بہتری کے فریم ورک میں SDGs کو شامل کرتا ہے اور اسی کے مطابق اسکول کے ایکشن پلان تیار کرتا ہے۔ | نتائج کو بہتر بنانے کے لیے اسکول اور کمرہ جماعت کے طریقوں میں SDGs کے اثرو رسوخ کو بڑھاتا ہے۔ |
| | جذباتی ذہانت اور قیادت | علمی اعتبار سے لچک دار، ہٹ کر سوچ، قوت فیصلہ اور غیر | اعتماد، حوصلہ افزائی، تحقیق اور کھلے ذہن سے سوچنے کا ماحول بناتا | اپنے جذبات پر قابو پانے کے طریقوں سے واقف ہوتا ہے اور تمام | جذباتی ذہانت کے اصولوں کو لاگو کرتا ہے اور مسائل حل کرنے کے | تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مضبوط تعلقات قائم کرنے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | متوقع حالات میں بہتر فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور جذباتی ذہانت کو استعمال کرتے ہوئے اسکول کی کارکردگی بہتر بناتا ہے۔ | ہے۔ | طلبہ، اساتذہ اور کمیونٹی کے ساتھ مثبت تعلقات استوار کرنے کو سمجھتا ہے۔ | لیے آگے بڑھ کر رہ نمائی کرتا ہے۔ | کے لیے جذباتی ذہانت پر زور دیتا ہے اور جذباتی قیادت کے ذریعے اعتماد کا ماحول پیدا کرتا ہے۔ |
| | اعلیٰ توقعات کے ساتھ اسکول میں مثبت ماحول کی تخلیق | مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے بیرونی ترغیب کا استعمال کرتا ہے۔ اخلاقی اقدار اور مثبت رویوں کو فروغ دیتا ہے۔<br>ایک ایسی تبدیلی کی حمایت کرتا ہے جو تمام طلبہ کو بہتر بناتی ہے اور روشن مستقبل کے حصول کے لیے معاشرتی ضروریات کو پورا کرتی ہے۔ | عملے اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ سکول میں بہتر نتائج کے حصول کے لیے تنقیدی سوچ، مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت اور ساز گار ماحول جیسے طریقوں کے ذریعہ ذمے دار بنیں۔<br>اعلی معیارات مقرر کرتا ہے اور مربوط کوششیں کرتا ہے تاکہ مہذب طریقوں سے | جانتا ہے کہ ایک اعلیٰ معیار کا ادارہ قائم کرنے کے لیے اسکول کے عملے، طلبہ اور کمیونٹی کے ساتھ کام کیسے کیا جاتا ہے۔ | تمام تر کوششوں کو تسلیم کرتے ہوئے اسکول کے ماحول کو بہتر بناتا ہے اور سب سے اعلیٰ توقعات قائم کرتا ہے۔ | سب کو ہر ممکن تعاون فراہم کرتا ہے اور تعمیری آرادینے کا ماحول قائم کرتا ہے۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | آگاہ طلبہ سامنے آسکیں اور اسکول کے مجموعی ماحول کو بہتر بنائے۔ | | | |

## ۲۔ تعلیم و تدریس کے عمل کی رہ نمائی اور انتظام کرنا (تدریسی قیادت)۔ استدلال:

چوں کہ اسکول میں سب سے اہم سرگرمیاں تعلیم و تدریس سے متعلق ہوتی ہیں لہٰذا یہ بات منطقی ہے کہ "تعلیم و تدریس کے عمل کی رہ نمائی کرنا" (تدریسی قیادت) سربراہِ ادارہ کا اہم ترین فریضہ ہونا چاہیے۔ اگرچہ اسکول کا سربراہ کچھ کام دیگر لوگوں کو تفویض کر سکتا ہے، تاہم اس کے لیے یہ اہم ہے کہ وہ خود ہر چیز کا جائزہ لیتا رہے اور اسکول کی ترقی کے ہر پہلو میں فعال رہے۔ وہ اساتذہ کی مدد کرنے، مزید بہتر کام کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرنے اور طلبہ کے تجربات سے آگاہ رہنے کے لیے ہمہ وقت فعال نظر آئے۔

اس اہم شعبے میں کامیابی کے لیے، سربراہانِ اسکول درج ذیل پر عمل درآمد ممکن بنائیں گے۔

| معیار نمبر ۲ | علم اور فہم | مہارتیں | مظاہرہ | درجہ اول: بنیادی علم و مہارت | درجہ دوم: ماہر | درجہ سوم: اعلیٰ درجے کا ماہر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **تعلیم و تدریس کے عمل کی رہ نمائی کرنا** | تدریس اور طریقہ ہائے تدریس کو تمام طلبہ کے لیے مؤثر بناتا ہے۔ | تمام طلبہ بشمول خصوصی ضروریات کے حامل طلبہ کی بہتری کے لیے نصابِ تعلیم کے نفاذ کے حوالے سے رہ نمائی، ترتیب اور انتظام کرتا ہے۔ | • تعلیمی سرگرمیوں اور نصاب تعلیم کو حکومتی تقاضوں اور تحقیق / تجزیے کے شواہد اور جدید رجحانات کے مطابق رکھتا ہے۔<br>• تمام طلبہ کے لیے مؤثر، جامع | • تدریسی قائدانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔<br>• نصاب کے نفاذ میں تحقیق پر مبنی سرگرمیوں کے | • مؤثر تدریسی و تعلیمی سرگرمیوں کی حمایت اور ان میں اضافہ کرتا ہے۔<br>• اساتذہ کی مدد کرتا ہے کہ وہ اپنے | تدریسی قیادت کا نمونہ پیش کرتا ہے اور تمام اسکول رہ نماؤں کو تعلیمی رہ نما بننے میں مدد دیتا ہے جو اسکول میں تحقیق اور شواہد پر مبنی ثقافت کو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | اور شمولیت پر مبنی تدریس اور نصاب (بشمول ڈیجیٹل مہارت) کے نفاذ کی نگرانی کرتا ہے۔ | استعمال کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور مؤثر تدریس کو فروغ دیتا ہے۔ | ساتھیوں کے ساتھ باوثوق طریقوں کو استعمال کرنے اور باہمی اشتراک میں مدد کرتا ہے | ادارے کے ماحول کا حصہ بناتا ہے۔ |
| | ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا طلبہ اور ادارے کے لیے سیکھنے میں مؤثر کردار۔ | ڈیجیٹل ٹیکنالوجی / آئی سی ٹی کے ذریعہ اعلیٰ معیار کی تدریس اور سیکھنے کی مشترکہ تفہیم کا فروغ دیتا ہے۔ | سیکھنے کے عمل میں مدد فراہم کرنے کے لیے وسائل کو مؤثر طریقے سے تقسیم کرتا ہے، تمام طلبہ کے لیے سیکھنے کے عمل میں معاونت کے لیے ٹیکنالوجی کے استعمال کو آسان بناتا ہے۔ | طلبہ کے سیکھنے، تنظیمی امور کو چلانے اور انتظام کی کارکردگی بڑھانے میں ٹیکنالوجی کے استعمال کو سمجھتا ہے۔ | تعلیم و تدریس اور طلبہ کے بہتر نتائج کو فروغ دینے کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے مثبت استعمال کو یقینی بنانے کے لیے ساتھیوں پر اثرانداز ہوتا ہے۔ | تعلیم و تدریس میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے جدید استعمال میں رہ نمائی کرتا ہے۔ ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے مؤثر آپریشن اور مینجمنٹ سسٹم قائم کرتا ہے۔ |
| | نصاب اور تعلیم و تدریس میں مدد کے لیے مختلف ٹیکنالوجیز کا استعمال | نصاب میں دیئے گئے بہترین افعال کو پہچاننا، سمجھنا اور فروغ دینا جانتا ہے۔ | اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ نصاب کی منصوبہ بندی، فراہمی اور بہتری اس طرح کی جائے کہ وہ صنف، قابلیت اور مختلف صلاحیتوں کے حامل افراد جیسی خصوصیات سے قطع نظر تمام طلبہ کی ضروریات کو پورا کرسکے۔ | • نصاب کی بہتری کی حکمت عملی کو جانتا اور سمجھتا ہے۔<br>• تمام طلبہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے نصاب پر عمل درآمد | نصاب کی بہتری اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی مدد سے منسلک اسباق کی مؤثر منصوبہ بندی کرنے کے لیے عملے کے ساتھ تعاون کرتا ہے۔ | کمرا جماعت میں تعلیم تعلم کا جائزہ لیتا اور تجزیہ کرتا ہے اور اساتذہ کو بہتری کے لیے تعمیری رائے دیتا ہے تاکہ طلبہ کے حاصلات |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | کی منصوبہ بندی کرتا ہے تاکہ سیکھنے کے عمل میں ہر ممکن اضافہ کیا جا سکے۔ | | تعلم کو بہتر بنایا جا سکے۔ |
| | اساتذہ کی حوصلہ افزائی اور تدریس کے معیار کو بہتر بنانے کا طریقہ | تدریس کو بہتر بنانے کے لیے اساتذہ کی حوصلہ افزائی، مدد اور تقابلی ماحول پیدا کرتا ہے | ایسے اچھے تدریسی طریقوں کو جانتا اور تعریف کرتا ہے جو طلبہ کی حوصلہ افزائی اور ان کے نتائج کو بہتر بناتے ہوں۔ اساتذہ کو ان طریقوں کو اپنانے کی ترغیب دیتا ہے۔<br>تمام طلبہ کی تعلیمی ضروریات کے مطابق تدریس کے معیار کو بہتر بناتا ہے۔ | حوصلہ افزائی کی حکمت عملیوں کو جانتا اور سمجھتا ہے اور تعلیم و تعلم اور طلبہ و اساتذہ کی کارکردگی پر ان کے اثرات کو بھی جانتا اور سمجھتا ہے۔ | اساتذہ اور تمام طلبہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے حوصلہ افزائی پر مبنی حکمت عملی کا اطلاق کرتا ہے | تدریس اور سیکھنے کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے ان حکمت عملیوں کی تاثیر کا جائزہ لیتا ہے۔ |
| | اعداد و شمار جمع کرنا، پروسیسنگ، تشریح<br>اور تمام طلبہ کے لیے موزوں متبادل جانچ کے طریقے | دستیاب اعداد و شمار کی روشنی میں کام کو بہتر بنانے کے لیے ان کا استعمال کرتا ہے۔ | اعداد و شمار کو جمع کرنا، پروسیس کرنا اور اس کی تشریح کرتا ہے۔ اسکول کی منصوبہ بندی کو مؤثر بناتا ہے اور تمام طلبہ کو اس سے استفادہ آسان بناتا ہے۔ | ● اعداد و شمار جمع کرنے کے منصوبے تیار کرتا ہے<br>● تمام طلبہ کے نتائج اور اسکولوں کی کارکردگی کو بہتر بنانا | جمع کردہ اعداد و شمار اور شواہد کو استعمال کرتا ہے تاکہ حاصلاتِ تعلم اور اسکول کی کارکردگی کو بہتر بنایا جا سکے۔ | متبادل اعداد و شمار اور ان کے استعمال کے ذریعے اسکول کی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | تمام طلبہ اور اساتذہ کی کامیابیوں کو بہتر بنانے کے لیے متعلقہ تازہ ترین اور تحقیق پر مبنی اعداد و شمار کا استعمال کرتا ہے۔ | اسکول کے اندر اور دوسرے اسکولوں کے ساتھ تعاون کرتا ہے۔ | اسکول کمیونٹی کے اندرونی اور بیرونی وسائل، اداروں اور ماہرین تک رسائی کو آسان بناتا ہے تاکہ تمام طلبہ کی تعلیم و تربیت کو بہتر بنایا جاسکے۔ | تمام طلبہ اور اساتذہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے شواہد و ثبوت کے ساتھ تحقیق پر مبنی اعداد و شمار کو استعمال کرنے کے طریقہ کار سے آگاہ ہوتا ہے۔ | اسکول کی مجموعی ترقی کے لیے جمع کردہ اعداد و شمار کا جائزہ لیتا اور اطلاق کرتا ہے تاکہ مزید بہتری ممکن ہو۔ | مؤثر نگرانی اور تشخیص کی مہارت کا مظاہرہ کرتا ہے اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے کمیونٹی یا متعلقہ اداروں سے رجوع کرتا ہے |

## ۳۔ عملے کی تدریسی، تنظیمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کے لیے رہ نمائی کرنا۔ استدلال

اسکول کے سربراہان تمام عملے کی مؤثر قیادت، انتظام اور تربیت کے ذریعے اسکول میں تعلیم و تعلم کو فروغ دینے اور مؤثر بنانے میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔ اسکول کا سربراہ اس کا حصول افراد اور ٹیموں کے کام کی مؤثر منصوبہ بندی، حمایت اور جائزہ لینے اور ان کی پیشہ ورانہ بہتری کو یقینی بنانے اور ان کی کامیابیوں کی حوصلہ افزائی کے ذریعہ کرتا ہے۔ اسکول کے سربراہ کو حوصلہ افزائی کی اہمیت اور تمام عملے کی کارکردگی پر اس کے اثرات کو سمجھنا چاہیے اور پیشہ ورانہ تربیت اور تمام طلبہ کے نتائج کے درمیان تعلق تلاش کرنا چاہیے۔

اسکول کے سربراہ کو مؤثر پیشہ ورانہ تربیت کا اہتمام کرنا چاہیے کیوں کہ اس کے نتیجے میں عملے کی کارکردگی میں تبدیلی اور تمام طلبہ کے نتائج میں بہتری کا امکان ہے۔ پورے اسکول میں قائدانہ صلاحیت فروغ دینے کے لیے اسکول کے سربراہ کو قیادت کو مناسب طریقے سے تقسیم کرنا چاہیے اور پیشہ ورانہ تربیت کے اثرات کا جائزہ لینا چاہیے۔

| معیار نمبر ۳ | علم اور فہم | مہارتیں | مظاہرہ | درجہ اول: بنیادی علم و مہارت | درجہ دوم: ماہر | درجہ سوم: اعلیٰ درجے کا ماہر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عملے کی تدریسی، تنظیمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کے لیے | اسکول کے سربراہان کے معیار، کارکردگی اور مسلسل پیشہ ورانہ تربیت اور اسکول کی پائیدار بہتری کے درمیان تعلقات، معاون عملے کے کردار اور ذمے داریوں کا علم رکھتا ہے۔ | مؤثر بات چیت کے ذریعے بہتر توقعات طے کرتا ہے، لوگوں اور ان کے کام کے درمیان تعاون کا احترام کرتا ہے۔<br>مختلف طریقوں سے عملے کو انعام دینا، تمام عملے اور طلبہ کے درمیان ہم آہنگی، احترام اور رواداری کو فروغ دیتا ہے | پیشہ ورانہ تربیت کی کمیونٹیز کے ذریعے، مناسب اوقات کے کورس، پیشہ ورانہ تربیت کے دورانیے، کوچنگ اور رہ نمائی کے لیے مخصوص وقفوں کے بعد میٹنگ کے ذریعے پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع کے اثرات سے فائدہ اُٹھاتا ہے۔ | پیشہ ورانہ تربیت کی حکمت عملی، سیکھنے میں دلچسپی لینے والوں سے آگاہی رکھتا ہے اور خود سے اختیار کردہ کورسز کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھاتا ہے۔ | پیشہ ورانہ تربیت کی حکمت عملی کے مطابق پیشہ ورانہ تعلیم، رہ نمائی اور کوچنگ کے ذریعے عملے کو بہتر بناتا ہے | پیشہ ورانہ تربیت کے نتیجے میں عملے کے طرزِ عمل، طلبہ کے تعلیمی نتائج اور اسکول کلچر میں قابل مشاہدہ بہتری کو ظاہر کرتا ہے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رہ نمائی کرنا | | | | | | |
| | عملے کی حوصلہ افزائی کے مختلف نظریات اور حکمت عملیاں جانتا ہے، بشمول ایسے طریقے جن میں حوصلہ افزائی اور ملازمت کے اطمینان کو بڑھایا اور برقرار رکھا جاسکتا ہے۔ | دوسروں کو متاثر کرنا، جدّت پیدا کرنا، حوصلہ افزائی کرنا اور انھیں بااختیار بنانا اور اسکول کے اندر سب سیکھنے والوں کی مدد کرتا ہے۔ | دوسروں کے ساتھ تمام معاملات میں اساتذہ اور تمام طلبہ کے مفادات کے تحفظ میں حوصلہ افزائی کی حکمت عملیوں، صبر، ہمدردی، احترام، جذباتی ذہانت اور عاجزی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | حوصلہ افزائی کے مختلف نظریات اور ان کے استعمال کے بارے میں جاننا، سمجھنا اور ان سے استفادہ کرنے کا علم رکھتا ہے۔ | حوصلہ افزائی کے متعلقہ نظریات کا تمام عملے پر منصفانہ طور پر اطلاق کرتا ہے | حکمت عملیوں کے متعلق عملی طور پر پورے اسکول کو آگاہ کرتا ہے اور ان کا نفاذ کرتا ہے۔ |
| | اسکول کی پائیدار بہتری اور ترقی کی غرض سے قیادت کے اختیارت کی مؤثر تقسیم کی رہ نمائی کے لیے افراد اور ٹیموں کے کام کی منصوبہ بندی، ذمے داریوں کو تفویض اور تشخیص کرنے کے طریقے جانتا ہے۔ | اسکول کے ملازمین کی مسلسل پیشہ ورانہ تربیت کے لیے مواقع کی فراہمی اور تربیت کے حصول میں اُن کی حوصلہ افزائی اور مدد کرتا ہے۔<br>تمام عملے کی پیشہ ورانہ ضروریات کی شناخت اور مدد کرتا ہے۔ | ابہام، مشکلات یا مخالفت کے حالات میں تبدیلی، لچک دار رویے اور سیاسی بصیرت کے لیے مطابقت اور رد عمل کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | اسکول کی پائیدار بہتری کے لیے قیادت کے اختیارات کی تقسیم اور اس کے استعمال کو سمجھتا ہے۔ | پائیدار بہتری کے حصول کے لیے قیادت کے تقسیم شدہ اختیارات کے ذریعے عملے کو تیار کرتا ہے۔ | عملے کو اختیارات تفویض کرتا اور کارکردگی کا جائزہ لیتا ہے۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | ناقص کارکردگی کو مؤثر آرا، رہ نمائی اور تربیت کے ذریعے بہتر بناتا ہے اور ساتھ ساتھ مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے | افراد اور ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ اور مدد کرتا ہے تاکہ بہتری کے لیے رہنمائی کی جا سکے اور کامیابیوں کا جشن منایا جاسکے۔ کارکردگی کے انتظام اور پیشہ ورانہ تربیت کے لیے موثر طریقہ ہائے کار بنانا اور انھیں برقرار رکھنا | ناقص کارکردگی کو مؤثر رائے دہی، مدد اور مناسب اقدامات کے ذریعے بہتر بناتا ہے۔ | مؤثر رائے دہی، رہ نمائی، تربیت اور کارکردگی کے دائرے کو جانتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ تدریس کی درجوں میں فرق کیسے کرنا ہے۔ | کارکردگی کے عمل کے ذریعے شواہد کے ساتھ اساتذہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے اقدامات کرتا ہے۔ | اساتذہ کی کارکردگی کا جائزہ لیتا ہے اور کارکردگی کی سطحوں کے ذریعے کامیابیوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ |
| | تعلیمی ٹیکنالوجی اور تمام طلبہ کے لیے کمرہ جماعت کے اندر تعلیم کے معیار اور انتظامی امور میں ان کی صلاحیت کو بڑھانا۔ | تعلیم و تدریس اور اسکول کے انتظام کے لیے ضروری ڈیجیٹل خواندگی کے ٹولز کے استعمال کو مزید فروغ دینا | عملے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے اسکول کے عمل میں ڈیجیٹل خواندگی ٹولز کا اسمارٹ استعمال کرنا۔ | ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور تعلیمی حالات میں ان کے کردار سے آگاہ ہے۔ | عملے کی تربیت اور طریقہ تدریس کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال کرتا ہے۔ | کمرہ جماعت کے معیار اور عملے کے طریقہ تدریس اور کارکردگی میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال پر نظر ثانی کرتا ہے اور جائزہ لیتا ہے۔ |

## ۴۔ ادارے کی ترقی کے لیے بہترین انتظام و انصرام کرنا–استدلال

اسکول کا سربراہ اسکول کی قیادت اور انتظام کا ذمے دار ہے جو تمام طلبہ اور عملے کی حفاظت کرتا ہے اور اعلیٰ نتائج کے ساتھ بہترین اور مؤثر سیکھنے کا ماحول مہیا کرتا ہے۔ اسکول کا سربراہ اسٹریٹجک اور آپریشنل منصوبہ بندی کے نفاذ کی نگرانی کرتے ہیں۔ وہ اسکول کی خود تشخیصی تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے نتائج کا جائزہ لیتے ہیں۔ اسکول کا سربراہ وفاقی، صوبائی اور اسکول کی پالیسیوں کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے، مالی امور کا انتظام کرنے اور حاضری کی نگرانی کو یقینی بنانے کا ذمے دار ہے۔ اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ اسکول کے احاطے

میں تمام طلبہ اور عملے کے لیے ایک محفوظ ماحول فراہم کریں۔ انتظامی کاموں کو مؤثر طریقے سے تفویض کریں اور مطلوبہ دورانیے (ٹائم لائن) میں درست طریقے سے مکمل کریں۔

| معیار ۴ | علم اور سمجھ | مہارتیں | مظاہرہ | درجہ اول: بنیادی علم و مہارت | درجہ دوم: ماہر | درجہ سوم: اعلیٰ درجے کا ماہر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **ادارے کی ترقی کے لیے بہترین انتظام و انصرام کرنا** | تنظیمی اُصول اور اقدار کا علم اور فہم رکھتا ہے۔ | انتظامی مہارتوں کی حوصلہ افزائی اور اُن کا مؤثر استعمال کرنا جانتا ہے۔ | تنظیمی ڈھانچہ جو اسکول کی اقدار کی عکاسی کرتا ہے۔ | اصولوں اور اقدار کی اہمیت کے بارے میں جانتا ہے۔ | اسکول کلچر کو بہتر بنانے کے لیے اصولوں اور اقدار کو نافذ اور استعمال کرتا ہے۔ | اصولوں اور اقدار کو فروغ دے کر مثبت اور مضبوط اسکول کلچر قائم کرتا ہے۔ |
| | اسکول سے متعلق قواعد و ضوابط کا علم رکھتا ہے۔ | بروقت اور مناسب طریقے سے نفاذ کرتا ہے۔ | اسکول کے نظم و ضبط اور دیگر ریکارڈ جیسے: حاضری کے اعداد وشمار میں ظاہر ہوتا ہے۔ | عملی طور پر قواعد و ضوابط کو سمجھتا ہے۔ | اسکول کے ماحول کو بہتر بنانے کے لیے قواعد و ضوابط کا نفاذ کرتا ہے۔ | قواعد و ضوابط کے نفاذ کے ذریعے سے اسکول کے ماحول کو بہتر بناتا ہے۔ |
| | حکمت عملی پر مبنی آپریشنل منصوبہ بندی کا عمل | حکمت عملی پر مبنی اور آپریشنل منصوبوں کی تیاری ،عمل درآمد اور جائزہ لیتا رہتا ہے۔ | منظم اور لچک پر مبنی طریقے سے اسکول کے انتظامی امور احسن طریقے سے سرانجام دیتا ہے۔ | مؤثر منصوبہ بندی کرنے کے لیے اچھی حکمتِ عملی کو سمجھتا ہے۔ | اسکول کے امور میں عملی منصوبہ بندی کا انتظام کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملیاں فراہم کرتا ہے۔ | اسکول کے مؤثر انتظام اور بہتری کے لیے حکمت عملی پر مبنی منصوبہ بندی کا جائزہ لیتا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | ہے۔ |
| | اسکول میں از خود جائزے کے طریقے | اسکول کی منصوبہ بندی اور نفاذ کے لیے ازخود جائزے کی مہارت کا استعمال کرتا ہے۔<br>○ معیار کی یقین دہانی سبق کے مشاہدات مثلاً: مانیٹرنگ، اعداد و شمار جمع کرنے اور ان کی نگرانی جیسی حکمت عملیاں نافذ کرتا ہے | اسکول کو ثبوت و شواہد کی بنیاد پر قائم کردہ ایک جامع نگرانی سے آراستہ اعلیٰ معیار کی ترقی کے لیے منصوبہ بندی کرتا ہے۔ | اسکول کی ازخود جائزے کی تکنیک کی نشان دہی کرتا ہے اور اسکول کے منصوبے کو مزید ترقی دینے میں مدد کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ | اسکول کی بہتری کی ترجیحات کی شناخت کے لیے اعداد و شمار جمع کرنے اور ان کی نگرانی کے لیے اسکول کی از خود جائزے کی تکنیک کا اطلاق کرتا ہے۔ | اسکول کی کارکردگی کے اعداد و شمار کا تجزیہ کرتا ہے، نتائج کو والدین اور دیگر متعلقہ لوگوں تک پہنچاتا ہے اور اسکول کی ترقی کے منصوبے کا جائزہ لیتا ہے۔ |
| | مختلف قائدانہ صلاحیتوں پر مبنی مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مناسب انداز کا اطلاق کرنے کا | موثر ابلاغ کے ساتھ ساتھ موجودہ صورتِ حال پر مبنی قیادت کی صلاحیتوں کا استعمال | اسکول کا ایسا مؤثر ماحول اور نظم و نسق جو مناسب قائدانہ انداز، تعاون اور مجلسی اطوار کے استعمال کے ذریعے سے ظاہر ہوتا ہے۔ | قیادت کے مختلف انداز سے واقف رہتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ انھیں مناسب طریقے سے کیسے استعمال کیا جائے۔ | اسکول کی فعالیت اور نتائج کو بہتر بنانے کے لیے مطلوبہ قائدانہ صلاحیتوں کا اطلاق کرتا ہے۔ | انتہائی مؤثر نتائج حاصل کرنے کے لیے قیادت اپنی صلاحیتوں کا اشتراک عمل سے اپنے اختیارات کو تفویض |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | طریقہ جانتا ہے۔ | | اسکول کے محفوظ انتظام، پالیسیوں اور طریقہ کار پر عمل درآمد کو یقینی بنانا تاکہ تمام عملے اور طلبہ کے لیے ایک محفوظ تعلیمی ماحول پیدا کیا جاسکے۔ | | | کرتا ہے۔ |
| | مختلف تعلیمی اور انتظامی افعال کے مقاصد اور نتائج کو واضح کرنا | شواہد کی بنیاد پر بروقت اور مؤثر فیصلے کرتا ہے۔ | اسکول کے مقصد، اہداف اور منصوبوں کے بارے میں آگاہی، عمل درآمد اور جائزہ لیتا ہے۔ | اہداف کے حصول کے لیے تعلیمی اور انتظامی مقاصد کو سمجھتا اور تیاری کرتا ہے | بہتر نتائج کے حصول کے لیے تعلیمی اور انتظامی اُمور کو بہتر بناتا اور لاگو کرتا ہے | اہداف پر نظر ثانی کرتا اور ان کا جائزہ لیتا ہے اور اسکول کی بہتری کے لیے مؤثر طریقے سے ان کی تفویض کرتا ہے۔ |
| | مؤثر ابلاغ کی مہارتیں | ○ ادارے کو موثر بنانے کے لیے ابلاغ اور باہمی تعاون کی مہارتوں کا استعمال کرتا ہے۔<br>○ تنازعات کو حل کرنا اور تنازعات کو کم | ○ تنازعات اور مسائل کو حل کرنے کے لیے گفت و شنید اور مصالحت کا استعمال کرتا ہے۔<br>○ حکام بالا (مثال کے طور پر حکومت، صوبائی حکام) اور کمیونٹی کے ساتھ | اسکول کے ماحول سے ہم آہنگ مؤثر ابلاغ کی مہارتوں کا استعمال کرتا ہے | تنازعات کے حل کے لیے ابلاغ کی مہارت کو کامیابی سے استعمال میں لاتا ہے | پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کے لیے اسکول کے ماحول پر اثرانداز ہوتا ہے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | سے کم کرنے کے لیے اسکول کے اندر سازگار ماحول پیدا کرنا۔ | رابطے میں رہتا ہے۔ | | | |
| | دست یاب انسانی، مالی اور جسمانی وسائل | منصفانہ تقسیم کے لیے مؤثر طریقہ کار پر عمل درآمد کرتا ہے جس میں تمام طلبہ کی مالی مدد بھی شامل ہے۔ | اسکول کی ترجیحات اور ضروریات کے مطابق مربوط وسائل کے استعمال کے ذریعے معیار کے حصول کے لیے موثر مالیاتی منصوبہ بندی کی حکمت عملی کا اطلاق کرتا ہے۔ | مالی اور طبعی وسائل کو بہتر بنانے اور استعمال کرنے کا طریقہ سمجھتا ہے۔ | اسکول کی بہتری کے لیے مالی اور جسمانی وسائل کو موثر طریقے سے استعمال کرتا ہے | وسائل کے انتہائی مؤثر استعمال اور تمام طلبہ کے ذریعے اسکول میں بہتری لانا ہے |

## ۵۔اسکول کی ترقی کے لیے کمیونٹی کو ساتھ لے کر آگے بڑھنا-استدلال

اسکول کا سربراہ اسکول میں مواقع کو بڑھانے اور کمیونٹی سرگرمیوں میں مدد فراہم کرنے کے لیے کمیونٹی اور اس کے کلیدی ذمے داران کے ساتھ کام کرنے کا پابند ہے۔ اس کے پاس ذمے داریوں کو بانٹنے اور ذمے داران کی حوصلہ افزائی کرنے اور مل کر کام کرتے ہوئے (مثال کے طور پر والدین۔ اساتذہ کونسل کے ذریعے) مطلوبہ وسائل کی تیاری میں کمیونٹی کو شامل کرنے کی قائدانہ صلاحیت ہونی چاہیے۔ کمیونٹی سے سیکھنے کا موقع ملتا ہے جو اسکول کی ترقی میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ اسکول کے سربراہ کو بچوں کے والدین کو تعلیمی نتائج سے آگاہ رکھنا چاہیے اور ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کی کامیابی میں مدد فراہم کرنے کے لیے اسکول کے پراجیکٹس کا حصہ بنیں۔

| معیار نمبر ۵ | علم اور سمجھ | مہارتیں | مظاہرہ | درجہ اول: بنیادی علم و مہارت | درجہ دوم: ماہر | درجہ سوم: اعلیٰ درجے کا ماہر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **اسکول کی ترقی کے لیے کمیونٹی کو ساتھ لے کر آگے بڑھنا** | معاشرے کے اصول، اقدار، ثقافت اور توقعات کا علم رکھتا ہے۔ | معاشرے کے مختلف افراد کے ساتھ مؤثر اور قائل کرنے کے طریقوں سے بات چیت کرتا ہے۔ | کمیونٹی کی مدد سے اسکول کے حاصل کردہ مطلوبہ نتائج | کمیونٹی کے اصولوں، اقدار اور توقعات کا مکمل علم رکھتا ہے | مختلف طریقوں (ماڈلنگ، ہم نصابی سرگرمیوں، لیکچرز) کے ذریعے قائم عقائد، اصولوں اور اقدار کو فروغ دیتا ہے۔ | اعلیٰ کامیابیوں کے ذریعے کمیونٹی کی توقعات پر پورا اترتا ہے اور اسکول کی پیشہ ورانہ ذمے داریوں کی انجام دہی میں اقدار کی عکاسی کرتا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | ہے |
| | کمیونٹی کی اسکول کے ساتھ تعاون کی صلاحیت (مثال کے طور پر، والدین اساتذہ کونسل، اسکول مینجمنٹ کونسل) | کمیونٹی کو ترغیب اور ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ اسکول اور اس کے تمام طلبہ کے معاملات میں شامل ہوں | کمیونٹی روابط کو فروغ دینے کے لیے اسکول کی کونسلوں کے ساتھ کام کرتا ہے | والدین، اسکول کونسلوں اور مقامی معززین کے ساتھ وقتاً فوقتاً ملاقاتوں کی اہمیت کو سمجھتا ہے اور ان کا اہتمام کرتا ہے۔ | کمیونٹی کے ممبران کے ساتھ مؤثر ملاقاتوں کی منصوبہ بندی اور ان کا انعقاد کرتا ہے اور باقاعدہ ریکارڈ رکھتا ہے۔ | ○ داخلوں اور طلبہ کی حاضری برقرار رکھنے کے اہداف کو حاصل کرتا ہے۔<br>○ اسکول میں کیریئر کونسلنگ مجالس منعقد کرتا ہے۔ |
| | معاشرے سے ادارے کی ضروریات و توقعات کا علم رکھتا ہے۔ | اسکول کی ترجیحات اور کمیونٹی کی ترجیحات کے درمیان توازن کو یقینی بنانے کے لیے وقت کا مؤثر استعمال کرتا ہے۔ | اسکول کے وژن اور مستقبل کی ترجیحات کو بہتر انداز میں سمجھنے کے لیے کمیونٹی کے ساتھ تعلقات قائم رکھتا ہے۔<br>ادارے کو مستقبل کے وژن | اسکول کی توقعات کی نشاندہی کرتا ہے اور انھیں ترجیح دیتا ہے۔<br>کمیونٹی کی توقعات کے جواب میں نکتہ | اسکول کی ترقی کے لیے معاشرے کے ساتھ تعاون کو فروغ دیتا ہے۔<br>بنیادی ڈھانچے اور | مطلوبہ سہولیات کی فراہمی کر کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بناتا ہے۔<br>اسکول چھوڑنے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | کے مطابق تیار کرتا ہے۔<br>کمیونٹی کی توقعات اور ضروریات کا خیال رکھتا ہے اور ان پر مثبت رد عمل کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | نظر تیار کرتا ہے۔ | طلبہ کی حاضری کو بہتر بناتا ہے۔<br>اسکول میں سہولیات کی فراہمی کے مقصد کو حاصل کرتا ہے تاکہ تعلیمی نتائج کو بہتر بنایا جاسکے۔ | والوں کی تعداد کو کم سے کم کرتا ہے۔<br>بہتر تعلیمی نتائج حاصل کرتا ہے۔ |
| | کمیونٹی میں دیگر متعلقہ اداروں کی موجودگی اور کارکردگی، بشمول وہ جو تمام طلبہ کی ضروریات کے لیے تعاون کرتے ہیں۔ | کمیونٹی میں دیگر اداروں کے ساتھ رابطے کے لیے مؤثر ابلاغ اور تعاون کی مہارتوں کا استعمال کرتا ہے۔ | مؤثر رابطے اور مشاورت کے سلسلے کو برقرار رکھتا ہے۔ | مقامی اداروں، حکومتی نمائندوں، غیر سرکاری تنظیموں، صحت اور غذائیت کے محکموں، ،سیکورٹی اداروں کی شناخت اور ان کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے۔ | طلبہ کے فائدے کے لیے متعلقہ اداروں کے دوروں کا انتظام کرتا ہے۔ | متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون سے ہونے والی تبدیلی کے اثرات کا جائزہ لیتا ہے۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | والدین کے لیے حوصلہ افزائی کی حکمت عملیاں، مثال کے طور پر انہیں کیریئر کونسلنگ اور والدین اور طلبہ کے لیے ترتیب کردہ پروگراموں میں طلبہ کے ساتھ اپنی کامیابی کی کہانیاں سنانے کے لیے مہمان مقررین کے طور پر مدعو کرنا۔ | کمیونٹی کے ساتھ رابطہ قائم کرنے کے لیے مختلف طریقوں کا استعمال کرتا ہے۔ | کمیونٹی کے اراکین اور رہنماؤں کی موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے کمیونٹی کے ساتھ رابطے میں رہتا ہے۔ | طلبہ سے متعلق موضوعات پر گفت گو کرنے کے لیے والدین کو مدعو کر کے ان کی عزت افزائی کرتا ہے اور بہتر نتائج حاصل کرنے کے لیے ان کی مہارت کا استعمال کرتا ہے۔ | والدین کی رائے کی بنیاد پر اسکول کی بہتر کارکردگی اور طلبہ کی رہ نمائی اور مشاورت کے لیے کوشش کرتا ہے | کمیونٹی کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ تعلیمی نتائج کی بہتری کے لیے طلبہ کے ساتھ مل کر کام کریں۔<br>اسکول پر والدین کے اعتماد میں اضافہ کرتا ہے |
| | موجودہ مسائل اور ممکنہ رجحانات کا علم رکھتا ہے جو مستقبل میں اسکول کمیونٹی پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ | مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے سے آگاہی اور حساسیت پیدا کرتا ہے۔ | ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کرنا اور کمیونٹی کے ساتھ اجلاسوں میں وقتاً فوقتاً آگاہی کے ریکارڈ سے مطلع کرتا ہے۔ | کمیونٹی کے موجودہ مسائل سے آگاہ ہے اور ممکنہ رجحانات کو سمجھتا ہے | موجودہ مسائل کے حل کے لیے کمیونٹی کے ساتھ مل کر منصوبہ بندی کرتا ہے | موجودہ منفی رجحانات کے اثرات کو کم کرنے کے لیے سیمینار، تعلیمی سیر اور طلبہ کی قیادت میں مہمات کے ذریعے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | وسیع تر اسکول کمیونٹی میں آگاہی پھیلاتا ہے۔ |
| | کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز سے متوقع ذمہ داریوں کی تقسیم | باثر ذمے دار افراد کی نشان دہی اور مقامی ممبران کی مشاورت سے ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ | کمیونٹی کے ساتھ اسکول کی ضروریات کا اشتراک کرتا ہے تاکہ اسکول کی بہتری کے لیے ان کے تعاون کو یقینی بنایا جاسکے۔ | متعلقہ ذمے داران کو مختلف ذمے داریاں تفویض کرنے کے فوائد سے آگاہ کرتا ہے۔ | ذمے داران کی فعال شمولیت کے ذریعے سے اسکول کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کرتا اور اقدامات اٹھاتا ہے۔ | ادارے کی بہتری کے لیے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قیادت کا اشتراک کرتا ہے۔ |
| | اس بات کی سمجھ رکھتا ہے کہ طلبہ کی حاضری کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے والدین کے ساتھ روابط کیسے بنائے جائیں تاکہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم میں | ایک ایسے طرزِ عمل کا قیام کرتا ہے جہاں اساتذہ والدین کے ساتھ مل کر اپنے بچوں کی تعلیم میں مددگار ثابت ہوں۔ | مختلف ضروریات کے بارے میں حساسیت اور خود آگاہی کے مظاہرے کے ذریعے کمیونٹی گروپوں کے ساتھ باقاعدگی سے رابطہ برقرار رکھیں۔ | معاشرے میں تنوع کو سمجھتا ہے اور اس کا احترام کرتا ہے اور جملہ ذمے داران کے ساتھ رابطہ قائم رکھتا ہے۔ | فیڈ بیک فارم، تجاویز کے بکس اور مہمانوں کے رجسٹر کے ذریعے سے والدین اور کمیونٹی کے ساتھ مؤثر رابطہ قائم رکھتا ہے۔ | تعلیم، صحت اور شخصیت کی نشوونما سے متعلق طلبہ کے جملہ مسائل کو حل کرتا ہے۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | مددگار بن سکیں۔ | | | | | |

## تیار کردہ: پاکستان ٹاسک گروپ اور انٹرنیشنل برٹش کونسل کنسلٹنٹس

.1

.2

.3

.4

.5

.6

.7

.8

.9

.10

## ممبرانِ نظرِ ثانی کمیٹی برائے خیبر پختونخوا

1. ڈاکٹر گُل نذیر خان، ماہرِ مضمون، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد
2. بابر بشیر خان ماہرِ مضمون، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد
3. راجہ شیر از احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد
4. ڈاکٹر شفقت حسین، ماہرِ مضمون، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد
5. ڈاکٹر صائمہ جدون، ماہرِ مضمون، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد

6. رفعیہ ناز، اے وی ایڈ آفیسر، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد
7. سمیع اللہ، ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن اینڈ سپورٹس، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد
8. شاہدہ پروین، پرنسپل آر پی ڈی سی (فیمیل) مانسہرہ
9. ڈاکٹر اسد قیوم، ماہرِ مضمون گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول نواں شہر ایبٹ آباد
10. حافظ ذبیر احمد، پرنسپل گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول نمبر 3 مردان
11. ڈاکٹر امتیاز، (پروفیسر) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبر 1 ایبٹ آباد
12. نذیر احمد (اسسٹنٹ پروفیسر) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبر 1 ایبٹ آباد

## تکنیکی معاونت

1. مبشر بنوری، کنسلٹنٹ برٹش کونسل پاکستان
2. محمد عمر، سینئر مینیجر اسکولز کونیکٹ پروگرام، برٹش کونسل پاکستان

## کوآرڈینیٹر

محمد اطہر، ایڈیشنل ڈائریکٹر (سٹینڈرڈ سیٹینگ وِنگ) نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد

## نگرانی و سرپرستی

ذوالفقار خان، ڈائریکٹر، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ، خیبر پختونخوا ایبٹ آباد